SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
August 18, 2023

**ایس ای سی پی نے لسٹڈ کمپنیز ریگولیشنز میں مجوزہ ترامیم عوامی مشاورت کے لئے جاری کر دیں**

اسلام آباد (اگست 18) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اقلیتی شئیر ہولڈرز (حصص یافتگان) کے تحفظ کو یقینی بنانے کے پیش نظر لسٹڈ کمپنیز (ووٹنگ شیئرز کے حصول اور ٹیک اوور) ریگولیشنز 2017 میں ترامیم کی تجویز کیں ہیں۔ ترامیم کا مسودہ اسٹیک ہولڈروں کی مشاورت کے لئے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔

مجوزہ ترامیم کا مقصد لسٹیڈ کمپنیوں کے ٹیک اوور کے نقطہ نظر سے کی جانے والی حصص کی خریداری کو منصفانہ اور شفاف بنانے اور ٹیک اور کی ٹرانزیکشن کے لین دین کو شفاف رکھنا اور اس دوران اقلیلیتی شئیر ہولڈرز کے لئے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ ان ترامیم کے ذریعے موجودہ ٹیک اوور ریگولیشنز اور ریگولیٹری فریم ورک کے حوالے سے مختلف اسٹیک ہولڈرز کی تجاویز اور اہم مشاہدات کو حل کرنا بھی ہے۔

مجوزہ تجاویز کے لئے لسٹڈ کمپنیوں کے ٹیک اوور کی ٹرانزیکشنز کے دوران اقلیتی حصص یافتگان کو مکمل طور پر نقد ادائیگی کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اگر کمپنی کی جانب سے سیکیورٹیز کی شکل میں پیش کش کی صورت میں نقد ادائیگی کا آپشن بھی فراہم کیا جانا چاہیے۔

اس کے علاوہ عوامی پیشکش کے لئے سیکیورٹیز (حصص) کی جانچ پڑتال کے معیار کو بھی بہتر بنایا جا رہا ہے، جس کے تحت صرف لسٹڈ کمپنیوں کے حصص، لسٹڈ ڈیبٹ انسٹرومنٹ، اور ایسی سرکاری سیکیورٹیز جن کی میچورٹی میں کم از کم 364 دن درکار ہوں، عوامی پیشکش کے دوران شئیر ہولڈرز کو آفر کی جا سکتی ہیں۔ شئیر ہولڈروز کو آفر کی جانے والی سیکیورٹیز کی ویلیو کی جانچ کے طریقہ کار کو بھی بہتر بنایا جا رہا ہے۔ مجوزہ ترامیم کے مطابق، عوامی پیشکش کنندہ کی جانب سے صرف انتہائی لیکوئڈ سیکیورٹیز ہی بطور ضمانت قابل قبول ہوں گی۔

اس کے علاوہ مجوزہ ریگولیشنز میں استعمال کی گئی ٹیکنکل اصطلاحات کی وضاحت کے لیے مناسب طریقے سے تشریح کی گئی ہے۔

مجوزہ ترامیم کو عوامی مشاورت کے لئے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔ اسٹیک ہولڈر اپنی تجاویز و آراء ای میل ایڈریس takeoverfeedback@secp.gov.pk پر ا بھجوا سکتے ہیں۔

---